شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

24دسمبر2025ء

پریس ریلیز

بانیٔ پاکستان نے قرآنِ پاک کو پاکستان کا آئین قرار دیا تھا۔

(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): بانیٔ پاکستان نے قرآنِ پاک کو پاکستان کا آئین قرار دیا تھا۔ یہ بات امیر تنظیم اسلامی شجاع الدین شیخ نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ بانیٔ پاکستان کو خراجِ تحسین پیش کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اُن کے اقوال پر سنجیدگی اور خلوص سے عمل کیا جائے۔ وہ پاکستان میں اسلام کے نظامِ عدلِ اجتماعی کے قیام کے اتنی شدت سے قائل تھے کہ اُنھوں نے اُن لوگوں کو شر پسند قرار دیا تھا جو ایسی افواہیں پھیلا رہے تھے کہ پاکستان میں شریعت محمدی ﷺ کا نفاذ نہیں ہوگا۔ پھر یہ کہ سٹیٹ بنک کی پشاور برانچ کا افتتاح کرتے ہوئے اُنھوں نے سرمایہ دارانہ نظام اور سودی معیشت کو رد کرتے ہوئے پاکستان کی معیشت کو اسلامی تعلیمات کے مطابق استوار کرنے کی ہدایات جاری کی تھیں۔ صہیونی ریاست اسرائیل کو مغرب کا ناجائز بچہ قرار دے کر اسرائیل کو تسلیم نہ کرنے کی ریاستی پالیسی کی بنیاد رکھ دی تھی۔ اس میں کسی شک کی گنجائش نہیں کہ ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل پاکستان کو اپنے گریٹر اسرائیل کے منصوبے پر عمل درآمد کے راستے کی سب سے بڑی رکاوٹ سمجھتی ہے اور ماضی وحال کے اسرائیلی وزرائے اعظم کے بیانات اِس پر شاہد ہیں۔ اسرائیل کے پہلے وزیر اعظم ڈیوڈ بن گوریان سے لے کر موجودہ وزیر اعظم نیتن یاہو تک صہیونی ریاست کے تمام اعلیٰ عہدیداران کے پاکستان مخالف بیانات ریکارڈ کا حصّہ ہیں۔ اسرائیل اپنے توسیع پسندانہ عزائم کو تیزی سے آگے بڑھا رہا ہے اور گریٹر اسرائیل کے قیام کو نیتن یاہو اپنا 'روحانی' اور 'تاریخی' مشن قرار دے چکا ہے۔ اِس ابلیسی مشن میں اسرائیل کو امریکہ اور دیگر مغربی ممالک کی مکمل معاونت حاصل ہے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ قائد اعظم نے بسترِ مرگ پر یہ ایمان افروز جملہ کہا تھا کہ میرا ایمان ہے کہ یہ رسولِ خدا ﷺ کا روحانی فیض ہے کہ پاکستان وجود میں آگیا، اب یہ پاکستانیوں کا فرض ہے کہ وہ اِسے خلافتِ راشدہ کا نمونہ بنائیں، تاکہ خدا اپنا وعدہ پورا کرے اور مسلمانوں کو زمین کی بادشاہت دے۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان اور اِسلام لازم وملزوم ہیں۔ اسلام پاکستان کی محض بنیاد ہی نہیں بلکہ اِس کے وجود کا جواز بھی ہے۔ اگر وطنِ عزیز میں اسلامی نظام کا نفاذ نہیں ہوتا تو پاکستان اپنے وجود کا جواز کھو دے گا، جس سے صرف پاکستان کا استحکام ہی نہیں اُس کی بقا اور سلامتی بھی خطرے میں پڑ جائیں گے۔

جاری کردہ
رضاء الحق
مرکزی ناظم نشرواشاعت

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: December 24th, 2025

Founder of Pakistan Declared the Qur'an to be the Constitution of Pakistan. (Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that the Quaid-e-Azam was deeply convinced about the establishment of Islam's system of collective justice in Pakistan, to the extent that he declared those people as mischief-makers who were spreading rumors that the Shariah of Muhammad (*SAAW*) would not be implemented in Pakistan. Furthermore, while inaugurating the Peshawar branch of the State Bank, he rejected capitalism and the interest-based economic system, and issued instructions for Pakistan's economy to be built in accordance with Islamic teachings. By declaring the Zionist state of Israel as an illegitimate child of the West, Quaid-e-Azam laid the foundation of a firm national policy that Pakistan would never recognize Israel. There is no doubt that the illegitimate Zionist state considers Pakistan to be the biggest obstacle in the way of its Greater Israel project, and the statements of past and present Israeli prime ministers testify to this. From Israel's first Prime Minister David Ben-Gurion to the present Prime Minister Benjamin Netanyahu, the anti-Pakistan statements of Zionist leadership are part of the record. Israel is rapidly advancing its expansionist ambitions, and Netanyahu has openly declared the establishment of Greater Israel as his "spiritual" and "historic" mission. In this satanic mission, Israel enjoys full support from the United States and other Western powers. The Ameer said that, in reality, Quaid-e-Azam had expressed this faith-inspiring statement on his death bed: "I believe that it is due to the spiritual blessing of the Messenger of Allah (*SAAW*) that Pakistan came into existence. Now it is the duty of Pakistanis to make this state a model of the Khilafat-e-Rashida so that Allah (*SWT*) fulfills His promise and grants Muslims dominion over the earth." The truth is that Pakistan and Islam are inseparable. Islam is not only the foundation of Pakistan; it is the very justification for its existence. If the Islamic system is not implemented in our beloved homeland, Pakistan will lose its reason for existence, and as a result, not only its stability, but even its survival and security will be at serious risk.

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat